سوال

(43) نسیان، غلط، جہالت وخطاء میں ازروئے لغت کیا فرق ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نسیان، غلط، جہالت وخطاء میں ازروئے لغت کیا فرق ہے؟ اور مسئلہ طلاق بطور نسیان کی صورت کیا ہے؟ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نسیان کا معنی شے کا ذہن میں آکر نکل جانا۔ غلط اور خطا کے معنی ایک ہی ہیں۔ ضد الصواب یعنی درست بات کو نہ پہچاننا جہالت علم کی ضد ہے۔

بخاری میں غلط سے مرادیہ ہے کہ عمداً نہ ہو جیسے بولنا چاہتا تھا تجھ پر نطاق ہے نکل گیا ''طلاق ہے'' اور نسیان سے مرادیہ ہے کہ ذاکراً (یاد کی حالت میں) نہ ہو جیسے منہ سے طلاق کا لفظ نکل گیا اس کو پتہ ہی نہیں کہ نکلا ہے یا نہیں فتح الباری میں یہی مراد بتائی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص107

محدث فتویٰ